# جغرافیہ

## جوابات : مشقی سوالیہ پرچہ 4

**سوال 1.**

(1) بھارت کے چینئی شہر میں نومبر کے مہینے میں بارش ہوتی ہے۔

(2) برازیل سانبا رقص کے لیے مشہور ہے۔

(3) بھارت میں پٹ سن کی صنعت ریاست مغربی بنگال میں مرکوز ہے۔

(4) تناسب جنس سے مراد کسی علاقے میں فی ہزار مردوں کے مقابلے میں عورتوں کی تعداد ہے۔

**سوال 2.**

(1) بھارت کے پڑوسی ممالک : (iv) سرینام

(2) برازیل میں جنگلات کی قسمیں : (iii) ہمالیائی جنگلات

(3) برکس تنظیم کے رکن ممالک : (iv) سعودی عربیہ

(4) برازیل کے پڑوسی ممالک : (iii) میانمار

**سوال 3.**

(1) بھارت کی مشرقی ساحلی پٹی پر ڈیلٹائی علاقے پائے جاتے ہیں۔

(2) دنیا کی کل آبادی کا تقریباً ۱۷٫۵ فی صد حصہ بھارت میں ہے۔

(3) شمالی بھارت کے میدانی علاقوں میں گنجان اور مرکوز بستیاں پائی جاتی ہیں۔

(4) بھارت کے معیاری وقت کا طول البلد الہٰ آباد کے قریب سے گزرتا ہے۔

(5) علاقائی سیر کا مطلب ہے، کسی مقام کا بذات خود دورہ کر کے وہاں کے جغرافیائی اور تمدنی عوامل کی معلومات حاصل کرنا۔

**سوال 4. (A)**




**اشاریہ :**

| نمبر شمار | نشان اور علامات | بیان |
|---|---|---|
| (1) | ▬ | پمپاس کا گھاس کا خطہ |
| (2) | | کافی کی پیداوار کا علاقہ |
| (3) | ▲ | پیکو–دی–نیبلینا |
| (4) | ★ | سنہری تامرن کا علاقہ |
| (5) | | دریائے پیرانا |
| (6) | ▨ | اوسط گنجان آبادی والی ریاست – سانتا کیٹرینا |

سوال 4. (B)

(1) نقشے میں نقل وحمل کے ذرائع ریل کے راستے اور ہوائی راستے نظر آرہے ہیں۔

(2) بھارت کے شمالی حصے میں خاص طور پر اتر پردیش اور بہار میں ریلوے کا گھنا جال دکھائی دے رہا ہے۔

(3) ریاست گجرات کے دو ریلوے اسٹیشن : احمد آباد، راجکوٹ۔

(4) مہاراشٹر کے مشرقی حصے کے دو ریلوے اسٹیشن : ناگپور، چندر پور۔

(5) بھارت کے جنوبی حصے کے دو ہوائی اڈے : بنگلورو، چینئی۔

سوال 5.

(1) (ا) دریائے امیزان کی وادی میں انسانی بستی کا تناسب نسبتاً کم ہے۔

(۲) اس علاقے میں صنعتوں کا تناسب بھی نسبتاً کم ہے۔اس لیے دریائے امیزان کی آبی آلودگی کا تناسب کم ہے۔

(۳) دریائے گنگا کی وادی میں انسانی بستی کا تناسب نسبتاً زیادہ ہے۔اس علاقے میں صنعتوں کا تناسب بھی نسبتاً زیادہ ہے۔اس وجہ سے دریائے گنگا کی آبی آلودگی کا تناسب نسبتاً زیادہ ہے اس لیے دریائے امیزان کے مقابلے میں دریائے گنگا کے پانی کی آلودگی کا اثر عوامی زندگی پر زیادہ ہوتا ہے۔

(2) (ا) کافی کی پیداوار میں برازیل دنیا میں پہلے نمبر پر ہے۔

(۲) دنیا بھر میں کافی کی کل پیداوار میں برازیل کا حصہ ۴۰ فی صد ہے۔

(۳) دنیا میں سب سے زیادہ کافی کی برآمد برازیل سے ہوتی ہے۔اسی وجہ سے برازیل کو ''عالمی کافی کا پیالہ (دنیا کا کافی پاٹ)'' کہا جاتا ہے۔

(3) (ا) برازیل کے شمالی حصے خصوصاً دریائے امیزان کی وادی میں بارش اور درجۂ حرارت کا تناسب زیادہ ہے۔

(۲) دریائے امیزان کی وادی کا علاقہ گھنے اور سدا بہار بارانی جنگلات کی وجہ سے دشوار گزار ہے۔


(۳) برازیل کے شمالی حصے میں نقل وحمل کی سہولتیں میسر نہیں ہیں۔اس وجہ سے برازیل کے اس حصے میں کان کنی کے پیشے نے ترقی نہیں کی ہے۔

(4) (ا) برازیل کا شمالی حصہ خصوصاً دریائے امیزان کی وادی گھنے جنگلات کی وجہ سے دشوار گزار ہے۔

(۲) برازیل کی بلند زمین کا علاقہ نشیب وفراز کا حامل ہے۔

(۳) برازیل کا پنٹانال کا خطہ دلدلی زمین کا علاقہ ہے۔ان وجوہات کی بنا پر برازیل میں ریلوے کے نظام نے زیادہ ترقی نہیں کی۔

**سوال 6. (A)**




(1) اعداد و شمار میں سالانہ فرق ۱۰ سال ہے۔

(2) ۱۹۶۰ء تا ۱۹۷۰ء کی دہائی میں شہرکاری میں تیز رفتار اضافہ ہوا۔

(3) ۲۰۰۰ء تا ۲۰۱۰ء کی دہائی میں شہرکاری میں ۱ء۳ فی صد اضافہ ہوا۔

**یا**

**سوال 6. (B)**

(1) ۲۰۱۶ء میں ریاست ہائے متحدہ کی قومی آمدنی سب سے زیادہ تھی۔

(2) ۲۰۱۶ء میں ریاست ہائے متحدہ کی قومی آمدنی ۱۸۵۰ ملین امریکی ڈالر تھی۔

(3) برازیل اور بھارت کا موازنہ کریں تو ۱۹۸۰ء میں برازیل کی قومی آمدنی زیادہ تھی۔

(4) برازیل اور بھارت کا موازنہ کریں تو ۲۰۱۶ء میں بھارت کی قومی آمدنی زیادہ تھی۔

(5) ۲۰۱۶ء میں بھارت اور برازیل کی مجموعی قومی آمدنی کے درمیان ۱۰ ملین امریکی ڈالر کا فرق تھا۔

(6) ۲۰۱۶ء میں ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ملکوں کی مجموعی قومی آمدنی کے درمیان ۱۶۸۰ تا ۱۶۹۰ ملین امریکی ڈالر کا فرق تھا۔

**سوال 7.**

**(1)** علاقائی سیر کے دوران (خصوصاً) درج ذیل احتیاط برتیں گے :

(۱) علاقائی سیر کے دوران خود کا اور دوسروں کا تحفظ کریں گے۔ اس کے لیے شناخت نامے، فوری علاج کا بکس، ضروری فون نمبروں کی فہرست وغیرہ ساتھ رکھیں گے۔

(۲) علاقائی سیر کے دوران اساتذہ کی ہدایات کی پابندی کریں گے۔

(۳) علاقائی سیر کے دوران مقامی لوگوں سے ربط قائم کرکے، وہاں کی واضح اور صحیح معلومات حاصل کریں گے۔

(۴) اس بات کا دھیان رکھیں گے کہ علاقائی سیر کے دوران وہاں کی کسی چیز اور ماحول کا کوئی نقصان نہ ہو۔

**(2)** (۱) برازیل کے ساحلی علاقے میں چاول، کوکو کی فصلیں بڑے پیمانے پر اگائی جاتی ہیں۔

(۲) چاول، کوکو وغیرہ فصلوں کے لیے گرم و مرطوب آب و ہوا اور بھرپور بارش کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ برازیل کے ساحلی علاقے کی آب و ہوا گرم و مرطوب ہے اور وہاں بارش کا تناسب بھی زیادہ ہے۔

(۳) برازیل کی بلند زمین کے حصے میں کافی، سویابین، سنترے وغیرہ کی فصلیں اگائی جاتی ہیں۔

(۴) کافی، سویابین، سنترے وغیرہ کی فصلوں کے لیے اوسط درجے کی بارش اور سرد آب و ہوا درکار ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ برازیل کے بلند زمین کے حصے کی آب و ہوا سرد ہے۔ وہاں اوسط درجے کی بارش ہوتی ہے۔

**(3)** (۱) بھارت کے جس علاقے میں زیادہ عرصے تک خشک موسمِ گرما اور ۵۰۰ ملی میٹر سے کم بارش ہوتی ہے وہاں کانٹے دار اور جھاڑیوں والے جنگلات پائے جاتے ہیں۔

(۲) بھارت کی گجرات اور راجستھان کی ریاستوں میں اور راجستھان کے تھار ریگستانی علاقے میں کانٹے دار اور جھاڑیوں والے جنگلات پائے جاتے ہیں۔

(۳) بھارت کے کانٹے دار اور جھاڑیوں والے جنگلات میں کھیر، ببول، کھیجڑی وغیرہ نباتات اور ایلوویرا، گھیکوار، کیکٹس وغیرہ کی کانٹے دار قسمیں پائی جاتی ہیں۔

(۴) عملِ تبخیر کی بنا پر پانی کی مقدار کم نہ ہو جائے اس لیے ان جنگلات کی نباتات کے پتے چھوٹے ہوتے ہیں اور کچھ پتے کانٹے کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

★★★